نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | 查看本文件的中文版 |
Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen |
이 문서를 한국어로 보기 | Consulte este documento en español |
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

12 جون، 2023 کا ہفتہ

خاندانوں کے لیے یہ تجدید سمر رائزینگ میں اندراج اور موسم گرما میں مفت کھانوں کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہے۔

مندرجات:

- سمر رائزینگ اندراج
- گرمیوں میں کھانوں (سمر میلز) کا آغاز 28 جون سے ہو رہا ہے

سمر رائزینگ اندراج

ہم یہ بتاتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ تقریباً 94،000 طلبا کو اب تک ایک سمر رائزینگ نشست کے لیے میچ کیا گیا ہے، بقایا کو ان طلبا کے لیے علحیدہ رکھا گیا ہے جن سے گرمیوں میں تعلیمی تدریس میں شرکت کرنا مطلوب ہے۔ مستقبل کی تواریخ میں نشستوں کی ایک منتخب تعداد دستیاب ہو سکتی ہے۔ ان کھلی نشستوں کے لیے اندراج کو دو مراحل میں بانٹا جائے گا۔

مرحلہ 1 (موجودہ درخواست دہندگان):
سمر رائزینگ مقامات کی ایک ابتدائی فہرست دستیاب نشستوں کے ساتھ بمعہ متعلقہ برادری پر مشتمل تنظیموں (CBO) کی رابطہ معلومات **جمعہ، 16 جون** سے شروع *nyc.gov/SummerRising* پر دستیاب ہوگی۔ ان نشستوں کے لیے تقرری کی ترجیح حسبِ ذیل ہے:

- **ترجیح 1:** وہ بھائی بہن جو ایک مختلف پروگرام میں رکھے گئے تھے یا انہیں ایک نشست نہیں ملی تھی۔
- **ترجیح 2:** CBO اور اسکول سے مربوط طلبا
- **ترجیح 3:** تمام دیگر طلبا

وہ خاندان جن کے لیے ایک نشست دستیاب ہوجاتی ہے ان سے CBOs مرحلہ 1 کے لیے بذریعہ ای میل رابطہ کریں گی جو انہوں نے 16 جون سے شروع ہونے والے ابتدائی اندراجی دورانیے میں فراہم کی تھی۔

مرحلہ 2:
مرحلہ 1 کے بعد کوئی بھی دستیاب نشستیں *nyc.gov/SummerRising* پر **جمعہ، 23 جون** کو شائع کی جائیں گی۔

- ان خاندانوں کے لیے جنھوں نے اپریل میں سمر رائزینگ میں درخواست نہیں دی تھی، NYCPS دستیابی والے مقامات کے لیے اندراجی پورٹل جمعہ، 23 جون کو دوبارہ کھولے گا (دستیاب بذریعہ nyc.gov/SummerRising)
- خاندان بقایا نشستوں میں درخواست دے سکیں گے۔
- CBOs خاندانوں کو انکی ایک CBO/ سمر رائزینگ پروگرام میں قبولیت اور اندراج کے لیے درکار فارمز کے بارے میں مطلع کرے گا۔

اگر آپکے کوئی سوالات ہیں، براہِ کرم اپنے طالب علم کے اسکول، سمر رائزینگ، CBO سے رابطہ کریں یا مدد کے لیے summer@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

گرمیوں میں کھانوں (سمر میلز) کا آغاز 28 جون سے ہو رہا ہے

گرمیوں میں کھانوں (سمر میلز) کا آغاز **28 بدھ، جون** سے ہو رہا ہے! نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کا گرمیوں میں کھانے کا پروگرام مفت، پُرغذائیت ناشتہ اور دوپہر کے کھانے 18 سال اور کم عمر کے افراد کے لیے تمام نیو یارک شہر میں فراہم کرتا ہے۔ کھانے منتخبہ پبلک اسکولوں، کمیونٹی پُول مراکز، پارکس، اور فوڈ ٹرکس پر دستیاب ہونگے۔ کوئی رجسٹریشن، دستاویز، یا آئی ڈی درکار نہیں ہے۔

اہم تواریخ

- گرمیوں میں کھانے کا پروگرام 28 جون سے 1 ستمبر، 2023 تک جاری رہے گا۔
- منتخبہ مقامات بدھ، 28 جون (عید الاضحیٰ) کو کھلے ہونگے۔ تمام شہر پیما مقامات خدمات کے لیے جمعرات، 29 جون، 2023 کو کھلیں گے۔
- منگل، 4 جولائی، 2023 کو کوئی گرمیوں کے کھانوں کی خدمات فراہم نہیں کی جائے گی (جولائی کی چار)

براہِ مہربانی مزید جاننے اور تمام جدید ترین معلومات کے لیے schools.nyc.gov/summermeals پر جائیں۔